## سوال

(82) نماز کے دوران تشہد میں انگلی کو حرکت دینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز کے دوران تشہد میں انگلی کو حرکت دینے کی کیا کیفیت ہوگی؟ (فتاویٰ الامارات: 4)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہاں اس کے بارے میں وائل حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے: انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشہد کے لیے بیٹھے فرماتے ہیں کہ "میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اپنی انگلی کو حرکت دے رہے اور اس کے ساتھ ساتھ دعا بھی کررہے تھے۔ اس حرکت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ نیچے اوپر کرتے تھے کیونکہ یہ مطلق کسی حدیث میں بھی نہیں آیا' تو حرکت سے مراد یہ ہے کہ اپنی جگہ پر تیزی سے انگلی کو حرکت دیتے تھے۔ امام احمد رحمة اللہ علیہ سے بھی صحیح سند سے ثابت ہے کہ وہ اپنی انگلی کو حرکت دیا کرتے تھے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ البانیہ

## نماز کا بیان صفحہ:178

محدث فتویٰ